NYC Public Schools | Department of Health & Mental Hygiene

Cheryl Lawrence, MD, FAAP
Medical Director

Office of School Health

30-30 47th Ave.
Long Island City, NY 11101

جون 2024

عزیز والدین یا سرپرست،

نیو یارک شہر نے تعلیمی سال 2024-2025 کے لیے اسکول مامونیت (immunization) کے مطلوبات کی تجدید کی ہے۔ اس خط کے ساتھ تعلیمی سال 2024-2025 کے لیے ویکسین کے مطلوبات کی ایک فہرست شامل ہے۔ ویکسینز بچوں کو امراض کے لگنے اور پھیلنے سے بچاتی ہیں اور اسکول جانے والے بچوں کے لیے مطلوب ہیں۔ اگر آپ کا بچہ چائلڈ کیئر یا اسکول جا رہا ہے، تعلیمی سال شروع ہونے سے قبل، آپ کو مامونیت کا ثبوت دینے کے لیے مدافعتی ٹیکے یا خون کی جانچ کے نتائج لازماً جمع کروانے ہونگے جو آپکے بچے کے لیے قوت مدافعت ظاہرکرتے ہوں۔

چائلڈ کیئر سے گریڈ 12 تک کے تمام طلبا کے لیے ڈپتھیریا، ٹیٹنس اور پرٹوسس (DTaP)؛ پولیو وائرس (IPV یا OPV، لیکن OPV کی خوراک کو شمار نہیں کیا جائے گا اگر یہ 1 اپریل، 2016 کے بعد لی گی تھی)، میزلز، ممپس اور روبیلا (MMR)؛ ورسلا، اور ہیپٹائٹس B ویکسینز کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔

5 سال سے کم عمر کے بچے جو چائلڈ کئیر اور پری کنڈرگارٹن میں مندرج ہیں انکے لیے انفلوئنزا (فلو) ویکسین کے (31 دسمبر، 2024 تک، لیکن ترجیحاً جب یہ خزاں کے اوائل میں دستیاب ہوجائے) اور ہیمو فیلس انفلونزا ٹائپ b (Hib) اور نیموکوکل کونجوگیٹ (PCV) ویکسینز کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔
گریڈز 6-12 تک کے بچوں کے لیے ٹیٹنس- ڈپتھیریا اور پرٹوسس (Tdap) بوسٹر اور میننگوکوکل کونجوگیٹ (MenACWY) ویکسین کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔

خون کی جانچ بھی مطلوبات کی تکمیل کرتی ہے جو MMR، ورسلا، یا ہیپٹائٹس B سے مامونیت ظاہر کرتی ہے، (پولیو سے مامونیت صرف اس وقت تسلیم کی جائیگی اگر یہ تمام سیروٹائیس - ٹائپس 1,2 اور 3 سے مامونیت ظاہر کرتی ہے -اور اسکو ستمبر 2019 سے پہلے کیا گیا تھا)۔

اس موسم گرما میں وقت نکال کر اپنے بچے کے مدافعتی ٹیکوں کے طبی پس منظر کا ان کے صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کے ساتھ جائزہ لیں۔ آپکے بچے کا فراہم کنندہ آپ کو بتا سکتا ہے کہ آیا آپ کے بچے کو چائلڈ کئیر یا اسکول جانے کے لیے ایک یا زائد ویکسینز کی اضافی خوراکیں درکار ہیں۔ **توجہ:** اگر آپ کے بچے نے ویکسین کی خوراکیں کم سے کم عمر سے **پہلے** (بہت جلدی) موصول کی تھیں، وہ خوراکیں مطلوبہ خوراکوں کی تعداد میں شمار نہیں کی جاتی ہیں۔

اگر آپ کے 2024-2025 ویکسینز مطلوبات کے بارے میں کوئی سوالات ہوں، اپنے چائلڈ کئیر مرکز یا اسکول کے انتظامی دفتر سے رابطہ کریں۔

بخلوص،

Cheryl Lawrence

Cheryl Lawrence، MD FAAP
میڈیکل ڈائریکٹر
اسکول کا دفترِ صحت

تعلیمی سال 2024-2025 — کیا آپ کا بچہ چائلڈ کیئر یا اسکول کے لیے تیار ہے؟ نیو یارک شہر میں مطلوبہ مدافعتی ٹیکوں کے بارے میں جانیں۔

NYC Public Schools | Department of Health & Mental Hygiene

نیو یارک شہر میں 2 ماہ کی عمر سے لیکر 18 سال کی عمر تک کے تمام طلبا کو چائلڈ کیئر یا اسکول جانے کے لیے ذیل کے مدافعتی ٹیکے لگوانے لازمی ہیں۔ اس تعلیمی سال کے لیے اپنے بچے کی گریڈ سطح کی بنیاد پر ویکسین کی ضروریات کا جائزہ لیں۔ مطلوبہ مستند خوارکوں کی تعداد کو ذیل چارٹ میں دکھایا گیا ہے۔ آپکے بچے کو درکار ویکسین کی خوراکوں کی تعداد، عمر اور پہلے لی جانے والے خوراکوں کی بنیاد پر مختلف ہو سکتی ہیں۔ آپ کے بچے کو اسکی صحت کے مخصوص حالات کی وجہ سے اضافی ویکسینز یا ویکسین کی خوراکوں کی ضرورت ہو سکتی ہے یا اگر پچھلی خوراکیں بہت جلد دے دی گئی تھیں (جو کہ غیر مستند ہے)۔ OPV کی خوراک کو شمار نہیں کیا جاتا اگر اس کو 1 اپریل، 2016 سے پہلے لیا گیا تھا۔ خون کی جانچ بھی مطلوبات کی تکمیل کرتی ہے جو میزلز، ممپس اور روبیلا، ورسلا، یا ہیپاٹائٹس B سے مامونیت ظاہر کرتی ہے، (پولیو سے مامونیت صرف اس وقت تسلیم کی جائیگی اگر یہ تینوں سیروٹائیس سے مامونیت ظاہر کرتی ہے اور اسکو ستمبر 2019 سے پہلے کیا گیا تھا)۔ مزید معلومات کے لیے اپنے بچے کے طبی نگہداشت فراہم کنندہ سے بات کریں یا **311** کو کال کریں یا nyc.gov/health پر جائیں اور **Student vaccines** تلاش کریں۔

مدافعتی ٹیکہ	چائلڈ کیئر اور ہیڈ اسٹارٹ، نرسری، 3K یا پری کنڈرگارٹن	کنڈرگارٹن تا گریڈ 5	گریڈز 6 تا 11	گریڈ 12
ڈپتھیریا، ٹیٹنس اور پرٹوسس (DTaP)	**چار خوراکیں**	**پانچ خوراکیں** (یا **چار خوراکیں** صرف اگر چوتھی خوراک 4 سال یا زیادہ عمر میں موصول کی گئی تھی، یا **تین خوراکیں** صرف اگر بچے کی عمر 7 سال یا زیادہ ہے اور سلسلے کا آغاز 1 سال یا زیادہ کی عمر سے کیا گیا تھا)	**تین خوراکیں**	
ٹیٹنس، ڈپتھیریا اور پرٹوسس (Tdap) بوسٹر			**ایک خوراک** (11 سال یا زیادہ عمر میں مطلوب ہے جب گریڈز 6 تا 12 میں داخل ہو رہے ہوں اور 11 سال کی عمر تک تعمیل میں ہوں)	
پولیو (IPV)، یا OPV اگر 1 اپریل، 2016 سے قبل)	**تین خوراکیں**	**چار خوراکیں** (یا **3 خوراکیں** اگر تیسری خوراک 4 سال کی عمر یا اس سے زائد عمر میں لی گئی تھی)		
میزلز، ممپس اور روبیلا (MMR)	**ایک خوراک**	**دو خوراکیں**		
ہیپاٹائٹس B	**تین خوراکیں**	**تین خوراکیں**	**تین خوراکیں** (یا **دو خوراکیں بالغ ہیپٹائٹس B ویکسین**، Recombivax HB، اگر خوراکیں 11 اور 15 سال کی عمر کے درمیان کم از کم 4 ماہ کے وقفے سے لی گئی تھیں)	
ورسلا۔ (چکن پوکس)	**ایک خوراک**	**دو خوراکیں**		
مینن‌گوکوکل کونجوگیٹ (MenACWY)			**6 گریڈ:** ناقابل اطلاق **گریڈز 7 تا 11:** ایک خوراک	**گریڈ 12: دو خوراکیں** (یا ایک خوراک اگر پہلی خوراک 16 سال یا اس سے بڑی عمر میں لی گئی تھی)
ہیموفیلس انفلوئنزا ٹائپ b کونجوگیٹ (Hib)	**ایک تا چار خوراکیں** (بچے کی عمر اور جو خوراکیں یہ پہلے لے چکے ہیں اس پر منحصر ہے)			
نوموکوکل کونجوگیٹ (PCV)	**ایک تا چار خوراکیں** (بچے کی عمر اور خوراکوں پر منحصر جو انہوں نے پہلے موصول کی ہوں)			
انفلوئنزا (فلو):	**ایک خوراک**			